## عباسی شہید اسپتال، کراچی انسٹیٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیز اور کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کو ایمرجنسی فنڈ فراہم کئے جائیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔29 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ عوام کو علاج معالجہ کی سہولتوں کی فراہمی کیلئے عباسی شہید اسپتال، سٹی گورنمنٹ کے کراچی انسٹیٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیز اور کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کو ایمرجنسی فنڈ فراہم کئے جائیں۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی کی شہری حکومت کو نہ تو اپنے ملازمین کی تنخواہیں دینے کے پیسے ہیں اور نہ عباسی شہید اسپتال کو فنڈز فراہم کئے جارہے ہیں اور اسپتال میں دوائیوں تک کے پیسے نہیں ہیں، اسی طرح کراچی انسٹیٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیز جہاں غریب و متوسط طبقہ کے عوام کو سستے علاج کی سہولتیں میسر تھیں اور صرف تین ہزار روپے میں انجیو گرافی کی سہولت میسر تھی لیکن فنڈز نہ ملنے کے باعث یہ انسٹی ٹیوٹ عوام کو سستا علاج فراہم کرنے سے قاصر ہے۔ جناب الطاف حسین نے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے دردمندانہ اپیل کی کہ عباسی شہید اسپتال اور کراچی انسٹیٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیز کو ایمرجنسی فنڈز فراہم کئے جائیں تاکہ غریب عوام کو سستے علاج کی سہولتیں میسر آسکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسی طرح کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج فنڈز کی کمیابی کی وجہ سے بے پناہ مسائل کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں وزیر اعلیٰ سندھ سے میرٹ اور اعلیٰ تعلیم کے معیار کے لئے اپیل کرتا ہوں کہ کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کو بھی فنڈز دیے جائیں۔

## صوبہ سندھ کے پنشنرز کے ساتھ ناروا سلوک بند کیا جائے، رابطہ کمیٹی ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کا مسئلہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر دیکھا جائے

کراچی:29/جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ صوبہ سندھ کے پنشنرز کے ساتھ ناروا سلوک بند کیا جائے اور سندھ کے ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کی پنشن میں اضافہ کیا جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ بجٹ میں ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کی پنشن میں اضافہ کیا گیا ہے جبکہ صوبہ سندھ کے سوا تمام صوبوں نے بھی ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کے پنشن میں اضافہ کیا ہے لیکن حکومت سندھ کی جانب سے ریٹائرڈ سرکاری ملازمین سے امتیازی سلوک کیا جارہا ہے جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سندھ کے پنشنرز کے ساتھ ناروا سلوک بند کیا جائے۔ سندھ کے ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کا مسئلہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر دیکھا جائے اور ان کی پنشن میں بھی پاکستان کے دیگر تینوں صوبوں اور وفاق کی طرح فوری اضافہ کیا جائے۔

## شہید کارکن کی والدہ شمیم بانو اور کارکنان بدرالدین اور جاوید کبیر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔29، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے شہید کارکن یونس کھوکھر شہید کی والدہ شمیم بانو، ایم کیو ایم خواسطی بدوھی رابطہ آفس کے ایم اوسی کے کارکن بدرالدین اور ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن جاوید کبیر کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔29، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم خواسطی بدوھی رابطہ آفس کے ایم اوسی کے کارکن بدرالدین، ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 106 کے شہید کارکن یونس کھوکھر شہید کی والدہ شمیم بانو، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 کے کارکن جاوید کبیر، ایم کیوایم سانگھڑ زون 1/A یونٹ کے کارکن محمد ارشد کی والدہ خیر النساء، ایم کیوایم پی آئی بی کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن مظفر علی کی بھابھی نسیم بیگم، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر خدا کی بستی یونٹ کے کارکن ولی محمد کے بھائی علی احمد اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے کارکن عدنان انصاری کی اہلیہ شبانہ انصاری کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## ریٹائرڈ میجر جنرل بشیر قائم خانی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ریٹائرڈ میجر جنرل بشیر قائم خانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے( آمین )

☆☆☆☆☆